**PAKGEN POWER LIMITED**

NISHAT

## پاکجن پاورلمیٹڈ

## ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کے لیے بیلٹ پیپر

بروز پیر، 27اپریل 2026 کو صبح 12:15 بجے (PST) ایمپوریم مال، نشاط ہوٹل، ٹریڈ اینڈ فنانس سنٹر بلاک، نزد ایکسپو سنٹر، عبدالحق روڈ، جوہر ٹاؤن، لاہور، پر منعقد ہونے والے پاکجن پاورلمیٹڈ کے سالانہ اجلاس عام میں ڈاک کے ذریعے ووٹنگ برائے خصوصی امور کے لیے۔

چیئرمین کا نامزد کردہ ای میل ایڈریس جس پر صحیح طریقے سے پُر شدہ بیلٹ پیپر بھیجا جاسکتا ہے: . chairman@pakgenpower.com

| | |
|---|---|
| شیئر ہولڈر/مشترکہ شیئر ہولڈرز کا نام | |
| رجسٹرڈ ایڈریس | |
| فولیو نمبر/سی ڈی سی پارٹیسپنٹ/انویسٹر آئی ڈی معہ سب اکاؤنٹ نمبر | |
| ملکیتی حصص کی تعداد | |
| NICOPCNIC، /پاسپورٹ نمبر (بصورت غیر ملکی) (کاپی منسلک ہو) | |
| اضافی معلومات اور ملفوظات (باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندہ کی صورت میں) | |
| مجاز دستخط کنندہ کا نام: | |
| مجاز دستخط کنندہ کا NICOPCNIC، /پاسپورٹ نمبر (بصورت غیر ملکی) (کاپی منسلک ہو) | |

### خصوصی قراردادیں

### 3 خصوصی امور:

A) قرار پایا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 32 اور تمام دیگر قابلِ اطلاق دفعات کے تحت، اور مطلوبہ منظوریوں سے مشروط، پاکجن پاورلمیٹڈ (''کمپنی'') کے اراکین کی منظوری سے کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن میں موجود شق III (بنیادی کاروباری سرگرمی) کو حذف کر کے درج ذیل متن سے تبدیل کیا جائے:

"(i) کمپنی کا بنیادی کاروبار کسی بھی قسم کے مالیاتی آلات میں خرید و فروخت، انعقاد، حصول یا سرمایہ کاری کرنا ہوگا، خواہ وہ قرض ہوں یا ایکویٹی، بشمول مگر محدود نہیں: شیئرز، اسٹاکس آف کمپنیز، ڈبینچرز، ڈبینچر اسٹاکس، بانڈز، میوچل فنڈ سرٹیفکیٹس، مضاربہ سرٹیفکیٹس، مشارکہ سرٹیفکیٹس، سکوک، پارٹیسپیشن ٹرم سرٹیفکیٹس (PTCs)، ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس، یونٹ ٹرسٹ سرٹیفکیٹس اور دیگر قابلِ تجارت سیکیورٹیز یا سرٹیفکیٹس، نیز حکومتِ پاکستان کی جانب سے جاری کردہ یا ضمانت شدہ واجبات و سیکیورٹیز۔

(ii)۔ ذیلی شق (iii) میں بیان کردہ کاروبار کے علاوہ، کمپنی تمام قانونی کاروباروں میں مشغول ہو سکے گی اور اس سلسلے میں تمام ضروری اقدامات اور متعلقہ امور انجام دینے کی مجاز ہوگی۔

(iii)۔ مذکورہ بالا شقوں کے باوجود، اس شق میں شامل کوئی بھی بات کمپنی کو براہِ راست یا بالواسطہ درج ذیل کاروبار کرنے کا اختیار نہیں دے گی:

بینکنگ کمپنی، نان بینکنگ فنانس کمپنی (جس میں اثاثہ جات مینجمنٹ، لیزنگ، انویسٹمنٹ فنانس، انویسٹمنٹ ایڈوائزری، REIT مینجمنٹ، ہاؤسنگ فنانس، پرائیویٹ ایکویٹی و وینچر کیپیٹل، ڈسکاؤنٹنگ، پنشن فنڈ اسکیم، مائیکرو فنانسنگ شامل ہیں)، کارپوریٹ ری اسٹرکچرنگ کمپنی، انشورنس، مضاربہ مینجمنٹ کمپنی، اسٹاک بروکریج، فاریکس، کلیئرنگ ہاؤس، سیکیورٹیز و فیوچرز ایڈوائزری، کموڈیٹی ایکسچینج، مینجنگ ایجنسی، سیکیورٹی گارڈ سروسز یا کوئی بھی ایسا کاروبار جو کسی قانون کے تحت لائسنس کا متقاضی یا ممنوع ہو۔

(iv)۔ مزید یہ کہ کمپنی اس امر کی پابند ہوگی کہ:

(a)۔ ذیلی شق (iii) میں بیان کردہ یا کسی غیر قانونی کاروبار میں ملوث نہیں ہوگی؛

(b)۔ ملٹی لیول مارکیٹنگ (MLM)، پیرامڈ یا پونزی اسکیمز یا لاٹری کاروبار میں شامل نہیں ہوگی؛

(c)۔ کسی بھی قابل اجازت کاروبار کے آغاز سے قبل متعلقہ مجاز اتھارٹی سے تمام ضروری اجازت نامے، منظوری یا لائسنس حاصل کرے گی۔''

مزید قرار پایا ہے کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/ یا کمپنی سیکرٹری (''مجاز افسران'') انفرادی یا مشترکہ طور پر اس قرارداد پر عملدرآمد کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں، بشمول لیکن محدود نہیں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) میں مطلوبہ درخواستیں اور فارمز جمع کروانا۔

مزید قرار پایا ہے کہ SECP کی جانب سے تجویز کردہ کسی بھی ترمیم، تبدیلی یا اضافہ کو ازخود اس قرارداد کا حصہ تصور کیا جائے گا اور اس کے لیے اراکین سے نئی منظوری درکار نہیں ہوگی، اور مجاز افسران کو ایسی ترامیم کرنے کا اختیار ہوگا۔

B) قرار پایا ہے کہ SECP کی منظوری اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی متعلقہ دفعات کے تحت "پاکجن پاور لمیٹڈ" کمپنی کے اراکین کمپنی کا نام "پاکجن پاور لمیٹڈ" سے تبدیل کر کے "پاکجن لمیٹڈ" کرنے کی منظوری دیتے ہیں۔

مزید قرار پایا ہے کہ نام "پاکجن پاور لمیٹڈ" کی تبدیلی کے نتیجے میں کمپنی کے میمورینڈم، آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور دیگر تمام دستاویزات میں جہاں کہیں بھی پرانا نام درج ہے، اسے نئے نام "پاکجن لمیٹڈ" سے تبدیل کر دیا جائے۔

مزید قرار پایا ہے کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/ یا کمپنی سیکرٹری (''مجاز افسران'') انفرادی یا مشترکہ طور پر اس قرارداد پر عملدرآمد کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں، بشمول لیکن محدود نہیں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) میں مطلوبہ درخواستیں اور فارمز جمع کروانا۔

C) قرار پایا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 183(3)(a) کے تحت، "پاکجن پاور لمیٹڈ" (کمپنی) کے اراکین کمپنی کے پاور پلانٹ (محمود کوٹ، مظفر گڑھ، پنجاب) میں واقع پلانٹ و مشینری، عمارتوں کے بڑے حصے، اسٹورز، اسپیئر پارٹس اور دیگر قابلِ استعمال اشیاء (''اثاثہ جات'') کی فروخت اور تصرف کی منظوری دیتے ہیں۔

مزید قرار پایا ہے کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ ان اثاثہ جات کی فروخت کو حتمی شکل دیں اور مکمل کریں، اور ایسی شرائط و ضوابط طے کریں جو کمپنی اور اس کے شیئر ہولڈرز کے بہترین مفاد میں ہوں، بشمول بہترین مارکیٹ قیمت حاصل کرنا۔

مزید قرار پایا ہیکہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کو یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بالا معاملات کے سلسلے میں اپنے اختیارات چیف ایگزیکٹو آفیسر (CEO) یا کسی بھی دیگر شخص کو تفویض کر سکے، اور اسے مکمل اختیار حاصل ہوگا کہ وہ مذاکرات کرے، پیشکشیں حاصل کرے، معاہدے کرے، دستاویزات پر دستخط کرے اور ایسے تمام اقدامات، امور اور کارروائیاں انجام دے جو اثاثہ جات کی فروخت کو مؤثر طریقے سے مکمل کرنے اور ان کے لیے بہترین ممکنہ مارکیٹ قیمت حاصل کرنے کے لیے ضروری یا متعلقہ ہوں۔

مزید قرار پایا ہے کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور/ یا کمپنی سیکریٹری کو انفرادی یا مشترکہ طور پر یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اس قرارداد کو نافذ کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات، کارروائیاں اور قانونی فائلنگز مکمل کریں، اور ایسے تمام امور سرانجام دیں جو اس قرارداد کو مؤثر بنانے کے لیے ضروری یا موزوں ہوں۔

میں/ ہم مندرجہ بالا خصوصی قراردادوں کے سلسلے میں پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا/ ہمارے ووٹ استعمال کرتے ہیں اور ذیل میں مناسب خانہ میں ٹک (✓) کا نشان لگا کر درج ذیل قراردادوں پر اپنی رضامندی یا اختلاف رائے دیتا ہوں/ دیتے ہیں:

| نمبر شمار | قراردادوں کی نوعیت اور تفصیل | میں/ ہم قراردادوں پر رضامند ہیں (FOR) | میں/ ہم قراردادوں پر کے خلاف ہیں (AGAINST) |
|---|---|---|---|
| 1۔ | **ایجنڈا آئٹم نمبر 3(A) کے مطابق خصوصی قرارداد (مذکورہ بالا)** | | |
| 2۔ | **ایجنڈا آئٹم نمبر 3(B) کے مطابق خصوصی قرارداد (مذکورہ بالا)** | | |
| 3۔ | **ایجنڈا آئٹم نمبر 3(C) کے مطابق خصوصی قرارداد (مذکورہ بالا)** | | |

شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر دستخط/ مجاز کنندہ کے دستخط:

(بصورت کارپوریٹ ادارہ، براہِ مہربانی کمپنی کی مہر ثبت کریں)

مقام:____________________ تاریخ:____________________

نوٹس:

1۔ صحیح طریقے سے پُر شدہ پوسٹل بیلٹ چیئرمین کو نشاط ہاؤس، 53-A، لارنس روڈ، لاہور، یا chairman@pakgenpower.com پر ای میل بھیجنا چاہیے۔

2۔ CNIC، NICOP / پاسپورٹ کی کاپی (غیر ملکی کی صورت میں) پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہیے۔

3۔ پوسٹل بیلٹ فارم 26 اپریل 2026 شام 5:00 بجے یا اس سے پہلے چیئرمین اجلاس تک پہنچ جانے چاہئیں۔ اس تاریخ / وقت کے بعد موصول ہونے والا کوئی بھی پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے قبول نہیں کیا جائے گا۔

4۔ باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندہ کی صورت میں، قابل اطلاق کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 138 یا 139 کے مطابق بیلٹ پیپر فارم لازماً مجاز فرد کے CNIC کی کاپی، بورڈ کی قرارداد/ مختار نامہ / اتھرائزیشن لیٹر وغیرہ کی مصدقہ کاپی کے ہمراہ ہونا چاہئے۔ غیر ملکی باڈی کارپوریٹ وغیرہ کی صورت میں، تمام دستاویزات رکن کی جورسڈکشن کے پاکستان کے کونسل جنرل سے تصدیق شدہ ہونے چاہئیں۔

5۔ پوسٹل بیلٹ پر دستخط CNIC، NICOP / پاسپورٹ (غیر ملکی کی صورت میں) کے دستخط سے مماثل ہونا چاہئے۔

6۔ نامکمل، بغیر دستخط شدہ، غلط، کاٹ کر لکھا ہوا، پھٹا ہوا، مسخ شدہ، دوبارہ لکھا ہوا بیلٹ پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔

# FORM OF PROXY

I/We, ____________________________________________

of ____________________ CDC A/C NO. / FOLIO NO. ____________________

being a shareholder of the PAKGEN POWER LIMITED (The Company) do hereby appoint.

Mr./Miss/Ms. ____________________________________________

of ____________________ CDC A/C NO. / FOLIO NO. ____________________

and or failing him/her ____________________ of ____________________

who is/are also a shareholder of the said Company, as my/our proxy in my/our absence and to vote for me/us at the Annual General Meeting of the Company to be held on April 27, 2026 (Monday) at 12:15 p.m. at Emporium Mall, The Nishat Hotel, Trade and Finance Centre Block, Near Expo Centre, Abdul Haq Road, Johar Town, Lahore, and at any adjournment thereof in the same manner as I/we myself/ourselves would vote if personally present at such meeting.

As witness my/our hands in this day of ____________ 2026.

Signature ____________________

Address ____________________

____________________

CNIC No. ____________________

Revenue Stamp of Rs. 50/-

No. of shares held ____________________

Witness:-

Name ____________________

Address ____________________

____________________

CNIC No. ____________________

Name ____________________

Address ____________________

____________________

CNIC No. ____________________

**IMPORTANT:**

- **a.** This instrument appointing a proxy, duly completed, must be received at the registered Office of the Company at Nishat House, 53-A, Lawrence Road, Lahore not later than 48 hours before the time of holding the Annual General Meeting. For Appointing Proxies.
- **b.** Attested copies of the CNIC or the passport of beneficial owners shall be furnished with the proxy form.
- **c.** The proxy shall produce his original CNIC or original passport at the time of the Meeting.
- **d.** In case of corporate entity, the Board's resolution / power of attorney with specimen signature shall be furnished along with proxy form to the Company.